# روزمرہ کی عام دُعائیں

## صبح کی دُعا

### باپ اَور بیٹے اَور رُوح القدس کے نام میں۔آمین

سربراہ: اَے خُداوند۔میرے ہونٹوں کوکھول دے۔

سب: تو میرا منہ تیری تعریف بیان کرے گا(مزمور17:51)۔

سربراہ: جلال باپ اَور بیٹے اَور رُوح القدس کا ہو۔

سب: جیسا کہ ابتدا میں تھا،اَب ہے اَور ہمیشہ ہوگا۔آمین

اَے میرے خُدا۔مَیں اِیمان رکھتا/رکھتی ہوں کہ تُو یہاں حاضروناظر ہے مَیں تجھے سجدہ اَور اپنے سارے دِل سے پیار کرتا/کرتی ہوں۔تُو نے مجھے نیستی سے پیدا کیا اَور اپنے بیٹے کی موت سے چھڑایا،اپنے رُوح القدس کے فضل سے پاک کیا۔تُو نے گزری رات مجھ کوسلامت رکھا اَور آج کا نیا دِن مجھے بخشا ہے۔ اِن اَور باقی تمام نعمتوں کے لیے جو تُو نے مجھے بخشی ہیں مَیں فروتنی سے تیرا شکر ادا کرتا/کرتی ہوں۔مَیں اپنے سب خیالات، باتیں، کام اَور دُکھ تیرے حضور پیش کرتا/کرتی ہوں۔ مجھے اپنا فضل بخش تا کہ مَیں تجھے ناراض نہ کروں بلکہ سب طرح سے آج تیری پاک مرضی بجالاؤں۔آمین

## دُعائے ربانی

اَے ہمارے باپ! تُو جو آسمان پر ہے۔تیرا نام پاک مانا جائے، تیری بادشاہی آئے۔تیری مرضی جیسے آسمان پر پوری ہوتی ہے، زمین پر بھی ہو۔ ہمارے روزینہ کی روٹی آج ہمیں دے اَور جس طرح ہم اپنے قرض داروں کو بخشتے ہیں تُو ہمارے قرض ہمیں بخش۔ہمیں آزمائش میں نہ پڑنے دے، بلکہ برائی سے بچا۔آمین

## فرشتے کا سلام

سلام اَے مریم، پُرفضل! خُداوند تیرے ساتھ ہے۔تُو عورتوں میں مبارک ہے اَور مبارک ہے تیرے

پیٹ کا پھل یسُوع۔ اَے مقدسہ مریم خُدا کی ماں! ہم گناہ گاروں کے واسطے دُعا کر۔ اَب اَور ہماری موت کے وقت۔ آمین

## خُدا کی تمجید

جلال باپ اَور بیٹے اَور رُوح القدس کا ہو۔ جیسا کہ ابتدا میں تھا، اَب ہےَ اَور ہمیشہ ہوگا۔ آمین

## رسولوں کا عقیدہ

مَیں اِیمان رکھتا/رکھتی ہوں خُدا قادرِ مطلق باپ پر، جو آسمان اَور زمین کا خالق ہےَ اَور یسوع مسیح پر، جو اُس کا اکلوتا بیٹا اَور ہمارا خُداوند ہےَ۔ وہ رُوح القدس کی قدرت سے پیٹ میں پڑا۔ کنواری مریم سے پیدا ہوا۔ اُس نے پنطوس پیلاطوس کے عہد میں دُکھ اُٹھایا، مصلوب ہوا، مر گیا اَور دفن کیا گیا۔ برزخ میں اُترا، تیسرے روز مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ آسمان پر چڑھ گیا، خُدا قادرِ مطلق باپ کے دہنے ہاتھ جا بیٹھا ہےَ۔ وہاں سے وہ زندوں اَور مردوں کی عدالت کے لیے آنے والا ہے۔ مَیں اِیمان رکھتا/رکھتی ہوں رُوح القدس پر، پاک کیتھولک کلیسیاء، مقدسوں کی شراکت، گناہوں کی معافی، جسم کے جی اُٹھنے اَور ہمیشہ کی زندگی پر۔ آمین

## خُدا کے دس حُکم

1۔ ایک خُدا کو ماننا اَور فقط اُسی کی بندگی اَور اُسی کو سجدہ کرنا۔

2۔ خُداوند کا نام بے فائدہ نہ لینا۔

3۔ خُداوند کا دِن پاک رکھنا اَور اُس میں بدنی محنت کا کام نہ کرنا۔

4۔ ماں باپ کی عزت کرنا۔ 5۔ خون نہ کرنا۔

6۔ زنا نہ کرنا۔ 7۔ چوری نہ کرنا۔

8۔ جھوٹی گواہی نہ دینا۔ 9۔ بیگانی عورت کی آرزو نہ کرنا۔

10۔ بیگانے مال کا لالچ نہ کرنا۔

## سات ساکرامنٹ

1- بپتسمہ　　2- استحکام　　3- پاک شراکت　　4- اِعتراف

5- بیماروں کا مسح　　6- پاک خدمت　　7- نکاح

## کلیسیا کے پانچ حُکم

1۔ اِتوار اَور ضروری عیدوں میں اَدب سے پاک ماس کی قربانی میں حاضر ہونا اَور بدنی محنت کا کام نہ کرنا۔

2۔ مقررہ دِنوں میں پرہیز کرنا اَور روزہ رکھنا۔

3۔ ہر برس میں کم از کم ایک دفعہ اپنے گناہوں کا اِعتراف کرنا اَور پاشکا کے وقت پاک شراکت لینا۔

4۔ منع کیے ہوئے وقتوں اَور رشتوں میں شادی نہ کرنا۔

5۔ اپنے فادر صاحبان کی ضرورتوں میں مدد کرنا۔

## اِیمان کی خاص چار سچائیاں

1۔ ایک خُدا ہے دُنیا کا خالق اَور مالک۔

2۔ ایک خُدا میں تین شخص ہیں یعنی باپ اَور بیٹا اَور رُوح القدس۔

3۔ خُدا بیٹا اِنسان کی نجات کے لیے آدمی بنا، دُکھ اُٹھایا، صلیب پر مرا، پھر جی اُٹھا اَور آسمان پر چڑھ گیا۔

4۔ خُدا نیکوکاروں کو ہمیشہ کی زندگی کی جزا اَور گناہ گاروں کو دوزخ کی سزا دے گا۔

## اِیمان کا عمل

اَے میرے خُدا۔ مَیں نہایت مضبوطی سے اُن سب پر جو تُو نے پاک کاتھولک کلیسیا کی معرفت ماننے کے لیے ظاہر کیا ہے، اِیمان رکھتا/رکھتی ہوں کیونکہ تُو خود صداقت ہے جو نہ فریب دے سکتا ہے اَور نہ فریب کھا سکتا ہے۔ اِسی اِیمان میں مَیں جینا اَور مرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔ آمین۔

## اُمید کا عمل

اَے میرے خُدا۔مَیں نہایت استقلال سے اُمید رکھتا/رکھتی ہوں کہ اپنے گناہوں کی معافی اَور اِیمانداری سے اِس زندگی میں تیری خدمت کرنے کے لیے فضل اَور دوسری میں دائمی خوشی، خُداوند یسوع مسیح کے وسیلے پاؤں، کیونکہ تُو ہم پر بے حد مہربان اَور قادرِ مطلق اَور وعدوں کا سچا ہےَ۔ اِسی اُمید میں مَیں جینا اَور مرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔آمین

## پیار کا عمل

اَے میرے خُدا۔مَیں تجھے اپنے سارے دِل و جان سے اَور سب چیزوں سے زیادہ پیار کرتا/ کرتی ہوں کیونکہ تُو بے حد مہربان اَور کامل ہےَ اَور تیرے پیار کی خاطر مَیں اپنے پڑوسی کو اپنی مانند پیار کرتا/کرتی ہوں۔اِسی پیار میں مَیں جینا اَور مرنا چاہتا/چاہتی ہوں۔آمین

## توبہ کا عمل

اَے میرے خُدا۔مَیں اپنے سارے دِل سے پشیمان ہوں کہ مَیں نے تیری بے حد نیکی اَور بزرگی کے خلاف گناہ کیا ہےَ۔مَیں اپنے سب گناہوں سے نفرت کرتا/کرتی ہوں کیونکہ وہ تجھ کو ناخوش کرتے ہیں۔اَے میرے خُدا۔ جو سب پیار کے لائق ہےَ مَیں مضبوطی سے اِرادہ کرتا/کرتی ہوں کہ تیرے پاک فضل کی مدد سے پھر ہرگز تجھے ناراض نہیں کروں گا/گی بلکہ گناہوں کی راہوں سے کنارہ کروں گا/گی۔آمین

## اَے مبارک مریم

اَے مبارک مریم۔میری ماں بن۔اَے میرے مہربان اَور نیک فرشتے سب راہوں میں میری حفاظت کر۔اَے خُدا کے سب فرشتو اَور مقدسو، ہمارے واسطے دُعا مانگو ہمارا خُداوند ہمیں برکت دے، سب بدیوں سے بچائے اَور ہمیشہ کی زندگی میں ہم کو لائے اَور مرحوم اِیمانداروں کی رُوحیں خُدا کی رحمت سے آرام میں رہیں۔آمین

## فرشتے کا پیغام

(عام دنوں میں)

قاری: خُداوند کے فرشتے نے مریم کو پیغام دیا۔

جماعت: اَور وہ رُوح القدس کی قدرت سے حاملہ ہوئی۔ سلام اَے مریم..................

قاری: دیکھ مَیں خُداوند کی بندی ہوں۔

جماعت: جیسا تُو نے کہا ویسا میرے لیے ہو۔ سلام اَے مریم..................

قاری: اَور کلمہ مجسّد ہوا۔

جماعت: اَور ہمارے درمیان رہا۔ سلام اَے مریم..................

قاری: اَے خُدا کی پاک والدہ ہمارے واسطے دُعا کر۔

جماعت: تاکہ ہم مسیح کے وعدوں کے لائق بن جائیں۔

## ہم دُعا مانگیں

اَے خُداوند ہم تیرے پاس یہ دُعا کرتے ہیں کہ تُو ہمارے دِلوں میں اپنا فضل ڈال دے تاکہ جیسے ہم نے فرشتے کا پیغام سُننے سے مسیح تیرے بیٹے کا تجسم پہچانا ویسے ہی ہم اُس کی مصیبتوں اَور صلیب سے جی اُٹھنے کی عظمت میں پہنچائے جائیں۔ مسیح ہمارے خُداوند کے وسیلے سے۔ آمین

قاری: جلال باپ اَور بیٹے اَور رُوح القدس کا ہو۔

جماعت: جیسا کہ ابتدا میں تھا، اَب ہے اَور ہمیشہ ہوگا۔ آمین

مرحوم اِیمانداروں کی رُوحیں خُداوند کی رحمت سے آرام میں رہیں۔ آمین

## اَے ملکہ شادمان ہو

(پاشکا کے وقت سے عیدِ پینتکوست تک فرشتے کا پیغام کی جگہ یہ دُعا پڑھی جائے)

قاری: اَے ملکہ آسمان کی شادمان ہو۔ ہیلیلو یاہ۔

جماعت: اِس لیے کہ جس کو تُو رحم میں رکھنے کے لائق ہوئی۔ ہیلیلو یاہ۔

قاری: وہ جی اُٹھا ہے جس طرح اُس نے کہا تھا۔ ہیلیلو یاہ

جماعت: ہمارے واسطے خُدا سے دُعا کر۔ ہیلیلو یاہ

قاری: خوش و خرم ہو اَے کنواری مریم۔ ہیلیلو یاہ

جماعت: کیونکہ خُداوند دَرحقیقت جی اُٹھا ہے۔ ہیلیلو یاہ

## ہم دُعا مانگیں

اَے خُدا تُو اپنے بیٹے ہمارے خُداوند یسُوع مسیح کے جی اُٹھنے سے دُنیا کو خوشی بخشنے کے لیے مہربان ہوا۔ ہم تجھ سے مِنت کرتے ہیں کہ ہم اُس کی والدہ کنواری مریم کی شفاعت سے اَبدی زندگانی کی خوشنودی پائیں۔ مسیح ہمارے خُداوند کے وسیلے سے۔ آمین

قاری: جلال باپ اَور بیٹے اَور رُوح القدس کا ہو۔

جماعت: جیسا کہ ابتدا میں تھا اَب ہے اَور ہمیشہ ہوگا۔ آمین

## نگہبان فرشتے سے دُعا

اَے خُدا کے فرشتے جو میرا نگہبان ہے۔ الٰہی رحمت نے مجھے تیرے سپرد کیا ہے۔ تُو مجھے روشن کر۔ میری حفاظت، ہدایت اَور رہنمائی کر۔ آمین

## اَقدس روزری کی عبادت

اَقدس روزری یسوع مسیح اَور مقدسہ مریم سے عقیدت کے اظہار کا ایک رُوحانی ذریعہ ہے۔ یہ یسوع مسیح کی زندگی اَور ہماری نجات کے اہم بھیدوں کا نچوڑ اَور خلاصہ ہے۔ روزری کے کُل بیس بھید ہیں جنہیں موضوع کے لحاظ سے چار حصوں میں تقسیم کیا گیا۔

- ☆ صلیب کا نشان
- ☆ رسولوں کا عقیدہ (ایک بار)
- ☆ اَے ہمارے باپ (ایک بار)
- ☆ سلام اَے مریم (تین بار)
- ☆ جلال باپ اَور بیٹے (ایک بار)

## روزری کا بھید پڑھنے کا عمل

☆ اَے ہمارے باپ (ایک بار) ☆ سلام اَے مریم (دس بار)

☆ جلال باپ اَور بیٹے (ایک بار)

### (ہر بھید کے آخر میں یہ دُعا اِکٹھے پڑھی جاتی ہےَ)

اَے مہربان یسوع ہمارے گناہ ہمیں بخش، ہمیں دوزخ کی آگ سے بچا۔ تمام رُوحوں کو آسمان کی طرف کھینچ۔ خاص کر اُن کو جو تیرے رحم وکرم کے زیادہ محتاج ہیں۔ آمین

### خوشی کے پانچ بھید (سوموار اَور ہفتہ )

1۔ یسُوع مسیح کا متجسد ہونا۔ (لوقا 1:26-38)

2۔ مقدسہ مریم کی ملاقات الیصابات کے ساتھ۔ (لوقا 1:39-45)

3۔ یسُوع مسیح کی پیدائش۔ (لوقا 2:1-8)

4۔ یسُوع مسیح کا ہیکل میں نذر کیا جانا۔ (لوقا 2:26-38)

5۔ یسُوع مسیح کا ہیکل میں سے پھر مل جانا۔ (لوقا 2:41-52)

### دُکھ کے پانچ بھید (منگل اَور جمعہ)

1۔ یسُوع مسیح کی جانکنی زیتون کے باغ میں۔ (مرقس 14:33-39)

2۔ یسُوع مسیح کا کوڑوں سے مار کھانا۔ (مرقس 15:6-15)

3۔ کانٹوں کا تاج یسوع مسیح کے سر پر رکھا جانا۔ (یوحنا 19:1-3)

4۔ یسُوع مسیح کا صلیب اُٹھا لے جانا۔ (لوقا 23:26-36)

5۔ یسُوع مسیح کا مصلوب ہونا۔ (لوقا 23:39-49)

## جلال کے پانچ بھید (بدھ اور اتوار)

1۔ یسُوع مسیح کا جی اُٹھنا۔ (متی 28:1-10)

2۔ یسُوع مسیح کا آسمان پر جانا۔ (اعمال 1:9-11)

3۔ رُوح القدس کا رُسولوں پر اُترنا۔ (اعمال 2:1-4)

4۔ مقدسہ مریم کا آسمان پر اُٹھایا جانا۔ (مکاشفہ 12:3-4)

5۔ مقدسہ مریم کی بہشت میں تاج پوشی۔ (مکاشفہ 12:1)

## نور کے پانچ بھید (جمعرات)

1۔ دریائے اُردن میں یسوع کا بپتسمہ۔ (لوقا 3:16؛21-22)

2۔ قانائے جلیل میں یسوع کا پہلا معجزہ۔ (یوحنا 2:1-26)

3۔ خُدا کی بادشاہت کا اعلان اور توبہ کی دعوت۔ (مرقس 1:14-15)

4۔ یسُوع کی تبدیلی صورت۔ (مرقس 9:6-9)

5۔ پاک یوخرست کا تقرر۔ (1۔قرنتیوں 11:23-26)

## مقدسہ مریم کی لطانیہ

| | |
|---|---|
| اَے خُداوند رحم کر | اَے خُداوند رحم کر |
| اَے مسیح رحم کر | اَے مسیح رحم کر |
| اَے خُداوند رحم کر | اَے خُداوند رحم کر |
| اَے مسیح ہماری دُعا قبول کر | اَے مسیح ہماری دُعا قبول کر |
| اَے خُدا آسمانی باپ | ہم پر رحم کر |
| اَے خُدا کے بیٹے جہان کے نجات دہندہ | ہم پر رحم کر |
| اَے رُوح القدس خُدا | ہم پر رحم کر |
| اَے اَقدس ثالوث واحد خُدا | ہم پر رحم کر |

اَے مقدسہ مریم — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے خُدا کی مقدسہ والد — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے مقدسہ کنواری کنواریوں کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں مسیح کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں الٰہی فضل کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں پاک ترِین — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں پاکدامن ترین — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں ہمیشہ کنواری — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں بیداغ — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں ہر دِل عزیز — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں عجیب — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں نیک صلاح کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں خالق کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے ماں نجات دہندہ کی — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری ہوشیار ترین — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری واجب التعظیم — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری قابلِ تعریف — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری مُقتدر — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری مہربان — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے کنواری مُعتبر — ہمارے واسطے دُعا کر
اَے آئینہ راستی کے — ہمارے واسطے دُعا کر

| | |
|---|---|
| اَے تختِ دانائی کے | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے سبب ہماری خوشی کے | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے رُوحانی ظرف | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے عجیب ظرفِ عبادت | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے رازدار گُل | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے بُرجِ داوٗد | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے بُرجِ عاج | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے زر کے گھر | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے صندوقِ شہادت | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے دروازے بہشت کے | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ستارے صبح کے | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے شفا بیماروں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے پناہ گنہگاروں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے تسلی دِلگیروں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے مدد مسیحیوں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ فرشتوں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ آباؤں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ پیغمبروں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ حواریوں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ شہیدوں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |
| اَے ملکہ ریاضتیوں کی | ہمارے واسطے دُعا کر |

اَے ملکہ کنواریوں کی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ سب مقدسوں کی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ خاندانوں کی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ جو بیداغ حمل میں لی گئی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ جو آسمان پر اُٹھائی گئی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ اَقدس روزری کی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے ملکہ صُلح کی ہمارے واسطے دُعا کر

اَے خُدا کے برّے تُو جو جہان کے گناہوں کو اُٹھالے جاتا ہے۔

ہم کو بچا اَے خُداوند

اَے خُدا کے برّے تُو جو جہان کے گناہوں کو اُٹھالے جاتا ہے۔

ہماری دُعا قبول کر اَے خُداوند

اَے خُدا کے برّے تُو جو جہان کے گناہوں کو اُٹھالے جاتا ہے۔

ہم پر رحم کر اَے خُداوند

اَے خُدا کی پاک والدہ ہمارے واسطے دُعا کر۔

تاکہ ہم مسیح کے وعدوں کے لائق بن جائیں۔

## ہم دُعا مانگیں

اَے خُدا! تیرے اکلوتے بیٹے نے اپنی زندگی، موت اَور جی اُٹھنے سے ہمیں ہمیشہ کی زندگی بخشی۔ ہم تیری مِنت کرتے ہیں کہ اِن بھیدوں پر دھیان و گیان کرنے سے مقدسہ مریم کی اَقدس روزری کی شفاعت سے مسیح کے وعدوں کے لائق بن جائیں۔ مسیح ہمارے خُداوند کے وسیلے سے۔ آمین

## سلام اَے ملکہ

سلام اَے ملکہ رحم کی ماں! ہماری زندگی، ہماری شیرینی اَور ہماری اُمید تجھے سلام۔ ہم حوّا

کے جلاوطن فرزند تیرے آگے چلاّتے ہیں۔ اِن آنسوؤں کی وادی میں ہم روتے اَور ماتم کرتے ہوئے تیرے سامنے آہ کھینچتے ہیں پس اَے ہماری وکیلہ، ہماری طرف اپنی پُر رحم نگاہ کر اَور ہماری اِس جلاوطنی کے بعد ہم کو اپنے رحم کا مبارک پھل یسُوع دِکھلا۔ اَے رحم دِل، اَے مہربان، اَے شیریں کنواری مریم۔

## یادرکھ

یادرکھ، اَے نہایت رحیم کنواری مریم۔ کبھی نہیں سنا گیا کہ کوئی بھی جو بھاگ کر تیری حفاظت میں آیا ہو، جس نے تجھ سے مدد کی درخواست کی اَور تیری سفارش طلب کی ہو، وہ بغیر مدد پائے رہ گیا ہو۔ اِس یقین سے حوصلہ پا کر، اَے کنواریوں کی کنواری اَور میری ماں، مَیں تیرے پاس آتا/ آتی ہوں۔ مَیں اپنے گناہوں میں دبا ہوا/ دبی ہوئی اَور غمگین تیرے سامنے کھڑا/ کھڑی ہوں۔ اَے متجسد کلمہ کی والدہ میری عرضوں کو حقیر نہ جان مگر اپنے رحم سے میری دُعا سُن اَور قبول کر۔ آمین۔

